# دار الافتاء والقضاء — الجامعة البنورية العالمية


متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

email: darulifta@gmail.com | web: www.onlinefatawa.com | ph: +92 21 32570077 | fax: +92 21 32564586


| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| Name | : Nayyar Azam | Serial No | : 28272 | Regular |
| Address | : wahcantt, pakistan | Date | : 3/5/2016 | |
| Subject | : namaz k dauran wazu na hona | Contact No : | | |
| Writer | : 0 | Email | : | |

assalam o alaikum ! janab mufti sahib, me aik jaga test denay k liye gaya. me wahan pr sharai musafir tha. hum log test se maghrib k baad farigh hue.. jb masjid pahunchay tou wahan namaz ho chuki thi.. logo ne muje imamat k liye agay kr diya q k srf mere chehray pr daarhi thi.. dusri rakaat k dusray sajde me muje yaad aya k mera wazu ni he.. dil bar bar chah raha tha k namaz thor dun lkn shaitan maloon ne mujse puri namaz prhayi... me ne namaz k baad b ilaan ni kia k aap log apni namaz dobara phar len... muqtadion ki taadad taqrebn 40 ya 50 tk hogi or taqrebn sb musafir thay... me un logon me se kisi ko b ni jaanta.. mulk k mukhtalif shehron se talluq tha unka.. ap rahnumayi frmayiye k iski ab kya surat ho skti he??? q k me un me se kisi ko ni janta..

ترجمہ سوال :

میں ایک جگہ ٹیسٹ دینے کے لیے گیا تھا، میں وہاں پر شرعی مسافر تھا، ہم لوگ ٹیسٹ سے مغرب کے بعد فارغ ہوئے، جب مسجد پہنچے تو وہاں نماز ہو چکی تھی، لوگوں نے مجھے امامت کے لیے آگے کر دیا کیونکہ میرے چہرے پر داڑھی تھی، دوسری رکعت کے دوسرے سجدے میں مجھے یاد آیا کہ میرا وضو نہیں ہے، دل بار بار چاہ رہا تھا کہ نماز توڑ دوں لیکن شیطان ملعون نے مجھ سے پوری نماز پڑھائی، میں نے نماز کے بعد بھی اعلان نہیں کیا کہ آپ لوگ اپنی نماز دوبارہ پڑھ لیں، مقتدیوں کی تعداد تقریبا چالیس یا پچاس ہوگی اور تقریبا سب مسافر تھے، میں ان لوگوں میں سے کسی کو بھی نہیں جانتا، ملک کے مختلف شہروں سے ان کا تعلق تھا، اب ایسی صورت میں میرے لیے کیا حکم ہے؟ کیونکہ میں کسی کو نہیں جانتا

الجواب حامدًا ومصلیًا.

سائل اپنے اس طرز عمل کی وجہ سے گناہ گار ہوا ہے اس پر لازم ہے کہ اپنی نماز کا اعادہ کرے اور حتی المقدور جن افراد کا علم ہو سکے اور متعلقہ ٹیسٹ میں شریک ہونے کی اعتبار سے بآسانی معلوم بھی ہو سکتے ہیں ان کو اطلاع کر دے اور اپنے گناہ پر بصدق دل توبہ واستغفار کرے۔

وفی البحر: وان ان امامه محدث اعاد ای علی سبیل الفرض (الی قوله)

وفی المجتبی ولو ام قوما محدث او جنب ثم علم بعد التفرق

یجب الاخبار بقدر الممکن بلسانه او کتاب او رسول علی الاصح (ج ۱ ص ۳۶۶)۔

واللہ اعلم بالصواب

محمد ذوالن فاروق عفی عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۳ رجب ۱۴۳۷ھ
۲۸۲۷۲
۵/۱۳/۴/۱۶

الجواب صحیح
بندہ نادر جان عفا اللہ عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۳ رجب ۱۴۳۷ھ

الجواب صحیح
بندہ سیف اللہ جمیل
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۵ رجب المرجب ۱۴۳۷ھ

13/4/16